دار العلوم کے شب و روز

جناب شفیق الدین فاروقی صاحب

دار العلوم کے شش ماہی امتحانات اور ہنگامی تعطیلات ماہ رواں میں دار العلوم کے شش ماہی امتحانات کا انعقاد ہوا۔ دار العلوم کے تمام درجات کے طلباء ایوان شریعت کے وسیع و عریض ہال میں جمع ہوئے۔ اس بار دار العلوم کا شش ماہی امتحان صرف دو دن رہا۔ اور صبح شام طلباء نے پرچے دیئے۔ امتحان میں اختصار کی وجہ دار العلوم کے طلبا کی افغانستان روانگی کے پیش نظر ہوئی جس کی اپیل امیر المومنین ملا محمد عمر مد ظلہ نے حضرت مہتمم صاحب سے کی تھی۔ امتحانات تمام اساتذہ کی موجودگی میں کڑی نگرانی کے تحت ہوئے۔

بنوریؒ ٹاؤن کے مہتمم مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق سکندر مد ظلہ کی دار العلوم میں تشریف آوری گزشتہ ہفتے پاکستان کے مشہور و معروف دینی درس گاہ کے مہتمم حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق صاحب دار العلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم مد ظلہ کیساتھ انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور مختلف حالات پر تبادلہ خیال کیا حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ نے انکے ساتھ بنوری ٹاؤن کے جید عالم دین اور جلیل القدر استاد مولانا محمد ولی درویش کی رحلت پر ان سے تعزیت کی۔ اور انکی وفات کو بہت بڑا خلا قرار دیا۔ ڈاکٹر صاحب مد ظلہ کیساتھ بنوری ٹاؤن کے فضلاء و علماء بھی تشریف لائے تھے۔

سابق صدر پاکستان اور ملت پارٹی کے سربراہ جناب فاروق خان لغاری کی تشریف آوری گزشتہ ہفتے سابق صدر پاکستان جناب فاروق خان لغاری اپنے ساتھیوں سمیت دار العلوم تشریف لائے۔ اور دار العلوم کے مختلف حصوں کا دورہ کیا۔ بعد میں جناب لغاری صاحب نے طلباء اور علماء کی طرف سے دیئے گئے عصرانے میں شرکت کی۔ اور ملکی سیاسی ابتر صورت حال پر تبادلہ خیال فرمایا۔ اس موقع پر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مد ظلہ آپکے ساتھ تھے۔ جناب لغاری صاحب کا یہ دورہ اچانک تھا۔ حضرت مولانا سمیع الحق مد ظلہ اس موقع پر موجود نہیں تھے